سوال

(108) نماز عیدین رسول اللہ ﷺ کی میدان میں ہوئی یا نخلستان میں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز عیدین رسول اللہ ﷺ کی میدان میں ہوئی یا نخلستان میں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ نے ہمیشہ عیدین کی نماز صحرا (میدان میں پڑھی ہے۔ جیسا کہ احادیث صحاح سے ثابت ہے : وَكَانَ النَّبِي ﷺ يَخْرُجُ يَوْمَ الْفِطْرِ وَالْأَضْحَى إِلَى الْمُصَلَّى أَيْ إِلَى الْجَبَّانَةِ وَهِيَ الصَّحْرَاءُ خَارِجُ الْمَدِينَةِ وَمَسِيرُهَا مِنَ الْحُجْرَةِ الشَّرِيفَةِ أَلْفُ خُطْوَةٍ۔ مگر ایک مرتبہ آپ نے بوجہ بارش شدید کے نماز عید مسجد نبوی میں ادا فرمائی تھی، چنانچہ حدیث شریف میں وارد ہے :

أَنَّهُ أَصَابَهُمْ مَطَرٌ فِي يَوْمِ عِيدٍ فَصَلَّى بِهِمُ النَّبِيُّ ﷺ صَلٰوةَ الْعِيدِ فِي الْمَسْجِدِ۔ (رواہ ابوداؤد وابن ماجة)

مولانا عبدالسلام بستوی دہلوی

(اہل حدیث دہلی جلد ۱، ش ۲۴)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 04 ص 187

محدث فتویٰ